**29.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

**Music**

---------------------------------

☆ سپریم کورٹ نے سبھی ہائی کورٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے محفوظ کیے گئے فیصلے تین ماہ کے اندر اندر سنا دیں۔

☆ تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے امتحان مافیہ کے خلاف سخت کارروائی اور مستحق طلباء کے تحفظ کا یقین دلایا ہے۔

☆ پی ایم سوریہ گھر اسکیم نے 40 لاکھ گھروں کو، روف-ٹاپ سولر کی سہولت فراہم کرکے ایک بڑا سنگ میل طے کیا ہے۔

☆ IMD نے جون کے مہینے میں پورے ملک میں معمول سے کم مانسون بارش اور کُچھ ریاستوں میں معمول سے زیادہ گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور بھارتی ایتھلیٹ Nipam نے ہانگ کانگ میں 20 سال تک کی ایشین ایتھلیٹکس چمپئن شپس میں خواتین کی 100 میٹر دوڑ میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**SC DIRECTS HC**

سپریم کورٹ نے آج ملک کے سبھی ہائی کورٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے محفوظ کیے گئے فیصلوں کو تین ماہ کے اندر اندر سنا دیں۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ فیصلوں کو سنانے میں تاخیر سے، مقدمے کے فریقین کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہ ذاتی آزادی کے معاملات میں تیز رفتاری سے کیے گئے فیصلوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالا باغچی پر مشتمل ایک بینچ نے کہا کہ کے ضمانت کی درخواستوں میں فیصلے اُسی روز سنا دینے چاہئیں اور اگر انہیں محفوظ رکھا جاتا ہے، تو پھر انہیں اگلے ہی دن سنا دینا چاہئے اور اپلوڈ کر دینا چاہئے۔×

**PRADHAN-INTERVIEW**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج کہا ہے کہ پیپر افشاں ہونے کا واقعہ انتہائی افسوسناک تھا، جبکہ ایسا واقعہ پیش نہیں آنا چاہئے۔ DD News کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں جناب پردھان نے کہا کہ بغیر کسی غلطی کے ایک منظّم اور مناسب ڈھنگ سے دوبارہ امتحان کا انعقاد کیا جائے گا۔ طلباء سے خطاب کرتے ہوئے پردھان نے انہیں یقین دلایا کہ حکومت اُن کی تشویش کو سمجھتی ہے اور انہوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ اُن کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی ہے۔

**S/B Dharmendra Pradhan**

وزیر موصوف نے اس بات کا پھر یقین دلایا کہ بڑھتی ہوئی تشویش کے پیش نظر غلطی سے پاک امتحان کا انعقاد کرانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے۔ امتحان کے عمل میں مستقبل میں کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جارہے ہیں۔

**S/B Dharmendra Pradhan**

**MNRE-PM SURYA GHAR**

بھارت نے، ماحول کیلئے سازگار توانائی کے اپنے سفر میں ایک تاریخی سنگ میل طے کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکز وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ اب ''پی ایم سوریہ گھر'' اسکیم کے تحت 40 لاکھ گھروں کو، چھت پر نصب کیے جانے والے شمسی توانائی کے نظام کی سہولت فراہم کردی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ قابل تجدید توانائی سے متعلق، ایک پہل سے بھی زیادہ، اِس یکسر تبدیلی لانے والی اسکیم سے شہری، محض توانائی خرچ کرنے والے لوگ نہیں رہ گئے ہیں، بلکہ وہ بجلی کے پیداکار بھی بن گئے ہیں۔

اِس اسکیم سے کنبے، اپنے بجلی کے اخراجات میں کمی کرسکیں گے، سرکاری سبسڈیز سے فائدہ اُٹھا سکیں گے اور بجلی کے اخراجات پوری طرح ختم کرسکیں گے۔ وزیر موصوف نے خاص طور پر کہا کہ ہر گھر میں جب شمسی توانائی ہوگی، تو ملک توانائی کی یقینی فراہمی، ماحولیاتی استحکام اور خودکفیل وکست بھارت کے تصور کو پورا کرنے کی جانب بڑھے گا۔×

**AMIT SHAH BHUJ VISIT**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ آج گجرات کے اپنے دورے کے دوسرے دن کچھ میں بین الاقوامی سرحد سے متصل انتہائی اہمیت کے حامل اور حساس حرامی نالہ اور Creek علاقوں کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ سرحدی حفاظتی فورس کی جانب سے کئے گئے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیں گے اور سینئر عہدیداران کے ساتھ سرحد پر سکیورٹی چیلنجوں کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کریں گے۔ وزیرِ داخلہ Border Outpost G-7 کا افتتاح کریں گے اور BSF اہلکاروں کے ساتھ بات

چیت کریں گے۔ ×

## GIRIRAJ SINGH VISIT ANDHRA PRADESH

ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے آج کہا ہے کہ بھارت، وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ایک مضبوط معیشت کے طور پر اُبھرا ہے اور اصلاحات اور سازگار پالیسی کی بدولت ٹیکسٹائل شعبوں میں تیزی سے ترقی حاصل کررہا ہے۔ آندھراپردیش کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران وزیر موصوف نے کرشنا ضلعے میں Malllavalli صنعتی پارک میں موہن Spintex کمپنی کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال بھارت ٹیکسٹائل مارکیٹ 15 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کے بقدر ہے اور حکومت اِسے 2030 تک 25 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ تک لے جانے کیلئے کام کررہی ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ ٹیکسٹائل صنعت تیزی سے وسعت پارہی ہے اور انہوں نے بھارتی دستکاروں کو وسیع عالمی منڈی تک رسائی فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز ریاست میں ٹیکسٹائل شعبے کی ترقی کو تیز کرنے کیلئے آندھراپردیش سرکار کے ساتھ مستقبل کا ایک لائحہ عمل تیار کررہی ہے۔

**Minister's Byte on Textiles**

وزیر موصوف نے کہا کہ پیداوار سے جڑی ترغیبات کی اسکیم پیداوار بڑھانے میں مدد کررہی ہے اور بھارتی برانڈس کو فروغ دے رہی ہے۔ اس کے علاوہ ٹیکسٹائل شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کررہی ہے۔ انہوں نے آندھراپردیش کیلئے زیادہ فنڈ مختص کرنے کی خاطر کوششوں کا بھی یقین دلایا۔ وزیراعظم نریندر مودی کے اقتدار کے 12 سال مکمل ہونے کا ذکر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت کو ترقی کے معاملے پر عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔

**Minister's Byte on 12 Years**

گزشتہ 12 سال کی حصولیابیوں نے 2047 تک ایک وکست بھارت بنانے کی ایک مضبوط بنیاد ڈال دی ہے۔×

## GOYAL ROUND TABLE

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے تجارت و صنعت کے 50 سے زائد سربراہوں کے ساتھ ایک گول میز میٹنگ میں شرکت کی۔ نیویارک میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل اور بھارت امریکہ اسٹریٹجک پارٹنرشپ فورم نے مشترکہ طور پر اس میٹنگ کی میزبانی کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گوئل نے کہا کہ میٹنگ میں انہوں نے بھارت کی تیز رفتار ترقی اصلاحات پر مبنی تجارتی ماحول اور عالمی سرمایہ کاروں کیلئے وسیع تر مواقع پر تبادلۂ خیال کیا۔

انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں عالمی سرمایہ کاروں کیلئے مواقع وسیع کرنے، اصلاحات پر مبنی کاروباری ماحول بنانے کے تئیں بھارت کے عزم کو دہرایا۔ جناب گوئل نے کہا کہ گول میز کانفرنس کے دوران انہوں نے بھارت کی

مضبوط ترقی کی داستان کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے بھارت-امریکہ تجارت کو وسیع کرنے، سرمایہ کاری میں اختراع پیدا کرنے اور مشترکہ خوشحالی کیلئے سپلائی چین شراکت داری کے طور طریقوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔×

## JAISHANKAR-UN PEACEKEEPERS

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اقوام متحدہ کی امن قائم کرنے والی افواج کے بین الاقوامی دن کے موقع پر دنیا بھر میں امن قائم کرنے والی UN امن فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے اقوام متحدہ کے امن قائم کرنے کے مشن کے تحت اقوام متحدہ کی امن فوج میں خدمات انجام دینے والی بہادر مرد و خواتین فوجیوں کی ستائش کی، جو عالمی سطح پر امن اور سلامتی کو برقرار رکھنے کے، اپنے عزم پر قائم ہیں۔×

## IMD-BRIEFING

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے ملک میں اِس سال جون سے ستمبر کے دوران معمول سے کم بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ 2026 کے مانسون کیلئے دوسرے مرحلے کی، زیادہ دنوں کی پیشگوئی کرتے ہوئے IMD کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Mrutyunjay Mohapatra نے بتایا کہ ملک کے شمال مشرقی حصوں میں اس مدت کے دوران معمول کی بارش ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شمال مغرب، وسطی اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں اس سال جون اور ستمبر کے درمیان معمول سے کم بارش ہوگی۔×

## HAMIRPUR BRIDGE COLLAPSE

اترپردیش کے ہمیر پور ضلع میں، کم سے کم 6 کارکن ہلاک ہوگئے۔ یہ لوگ دیر رات ایک طوفان کے دوران ایک زیر تعمیر پُل گر جانے کے حادثے میں ہلاک ہوئے ہیں۔ یہ پُل، موراکندر سے کندَور گاؤں کو ملاتا ہے، جو بیتوا دریا پر تعمیر کیا جارہا ہے۔ یہ حادثہ کل رات تقریباً 2 بجے پیش آیا، جب کُچھ کارکن، بارش کے دوران ایک ہائڈرا مشین کے نیچے کھڑے تھے۔

NDRF اور SDRF نے بچاؤ کا کام شروع کردیا ہے۔ ہمیر پور ضلع مجسٹریٹ ابھیشیک گوئل نے بتایا کہ ملبے میں 6 افراد کے دبے ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ دو لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں اور بقیہ چار مزدوروں کی لاشیں برآمد کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

## IT SEMICONDUCTOR

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اُڈیشہ سرکار، اِنٹیل اور 3DGS کو بھارت میں

Substrate مینوفیکچرنگ ٹیکنالوجی لانے کیلئے، ایک قرارداد پر دستخط کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہا کہ اِس سے بھارت میں سیمی کنڈکٹر ایکونظام مزید آگے بڑھے گا۔×

**U-20ATHLETICS C'SHIP**

2026 کی ایشین U-20 ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں بھارت کے ایتھلیٹس نے ٹریک اور فیلڈ مقابلوں میں کئی ریکارڈ بنائے۔ خواتین کے 100 میٹرس مقابلے میں Nipam نے 11 اعشاریہ چھ دو سیکنڈ کی ٹائمنگ کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا۔ وہ چمپئن شپ کے اس مقابلے میں تمغہ جیتنے والی 25 سال بھارت کی پہلی خاتون بن گئی ہیں۔ Nitin Gupta نے 5ہزار میٹرس کے Racewalk میں خطاب جیتا اور خواتین کی ٹرپل جمپ میں سادھنا رَوی نے 12 اعشاریہ ساتھ آٹھ میٹرس کی اپنی بہترین کوشش کے ساتھ چاندی کا تمغہ جیتا۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں، آج شام نیو چنڈی گڑھ کے مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں ایک اہم Qualifier 2 میچ میں راجستھان رائلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ اس کی فاتح ٹیم اتوار کے روز احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں IPL-2026 کے فائنل میں رائل چیلنجرس بنگلور کا سامنا کرے گی۔ گجرات ٹائٹنس کی ٹیم Qualifier 1 میں دفاعی چمپئن رائل چیلنجرس بنگلور سے ہار گئی تھی، جبکہ راجستھان رائلس نے Eliminator 1 میں سَن رائزرس حیدرآباد کو ہرایا تھا۔x

**TRIPURA TECH SAKSHAM**

تریپورہ سرکار میں الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت اور NICSI کے ساتھ ملکر آج ''ٹیک سَکشم : ڈیجیٹل مہارت کے پروگرام'' کا انعقاد کیا۔ شمال مشرق میں ڈیجیٹل طور پر آنے والی یکسر تبدیلی کو فروغ دینے سے متعلق یہ پروگرام Pragna بھون میں منعقد کیا گیا۔NICSI ، ٹیکنو انڈیا یونیورسٹی اگرتلا اور NIT اگرتلا کے درمیان 2 مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے، جو ٹیکنالوجی کے بارے میں بیداری، انٹرنشپس اور تحقیق سے متعلق 3 سال کی شراکت داری کیلئے ہیں۔

چیف سکریٹری جتیندر کمار سنہا نے بتایا کہ تریپورہ نے کابینہ سے گرام پنچایت کی سطح تک 9 مہینے اندر اندر، کام کاج کو تیز رفتاری سے ڈیجیٹل بناکر پوری طرح کاغذ کے بغیر حکمرانی کا نظام شروع کردیا ہے۔×

**CHAUDHARY CHARAN SINGH-TRIBUTE**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج سابق وزیراعظم چودھری چرن سنگھ کی برسی پر، اُنہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ سابق وزیراعظم ایک دور اندیش رہنما تھے اور انہوں نے کسانوں کی فلاح وبہبود اور بھارت کے دیہی لوگوں کی ترقی کیلئے پوری جاں فشانی کے ساتھ کام کیا۔ لوک سبھا اسپیکر نے کہا کہ سابق وزیراعظم کی پوری زندگی ملک کے کسانوں، مزدوروں اور گاؤوں کی ترقی اور خوشحالی کی گزری۔ جناب شاہ نے اس موقع پر کہا کہ بھارت رَتن چودھری چرن سنگھ نے آزادی کی جدوجہد سے لے کر ایمرجنسی کی مدت کے دوران جمہوری قدروں کو مستحکم کرنے میں کلیدی رول ادا کیا۔×

**J&K RAILWAYS RESUME**

کٹھوعہ اور مادھوپور ریل سیکشن کے درمیان واقع ریلوے پُل نمبر -17 پر بحالی کے کام کی تکمیل کے ساتھ 9 مہینے سے زیادہ عرصے کے بعد 31 مئی سے جموں کیلئے اور جموں سے معمول کا ریل ٹریفک بحال کردیا جائے گا، جسے اچانک سیلاب کی وجہ سے پچھلے سال کافی نقصان ہوا تھا۔ آکاشوانی کے ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران مسافروں کی بہت زیادہ بھیڑ بھاڑ اور بڑھتی ہوئی ویٹنگ لسٹ کے پیش نظر جموں توی نئی راجدھانی ایکسپریس اور شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ نئی دلّی ایکسپریس کیلئے مزید کوچز بڑھانے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆